تا ہمت ہو مجھکو تیری سات کی

بول ایسی بات مجھکو بالضرور
جس سے آسان ہووے مجھ یہ راہ دور

دلکو دیوں کس بات سوں جمعیت
تا کہ ہووے تفرقے سوں امنیت

جواب دادن هدهد

پس کہا ہد ہد کہ دلکوں شاد رکھ
طبع کوں وسواس لی آزاد رکھ

یاد سوں حق کی رکھے جیو کوں شاد
جو لسبر جاوے تو کر پھر اسکوں یاد

شادی جاوید دیروان آتی ہے
زندگی کا چرخ گرداں آتی ہے

تو بھی اس کی یاد سوں دائم زندہ رہ
شہ قبیلا جیوں آسماں گرندہ رہ

کیا اچھیگا اسی بہتر اے فلاں
ہوئیگا یکدم تو جنتی شادماں

حکایت وعظ گفتن عزیزی بخلق

یک کہا یک خوب کوئی صاحب نفس
شاد ہوے ہیں یاد سوں ستر برس

جو مجھے سب سار کا ہیگا دھنی
پاک مطلق نام جسکا ہے غنی

تجھکوں ہے غفلت کی سر پہ جھول ہے
خلق کے عصیاں میں مشغول ہے

کب تجھے یاد آوئیگا یہ دردگار
تا خوشی سوں تجھکوں گذرے روزگار

عیب سوں جگ کے اول آزاد ہو
پس خدا کے یاد سوں دل شاد ہو

جب تلک ہیں چشم تیرے عیب بیں
کس وضع تو ہوسکیگا غیب بیں

عیب بیں لوگاں کے تو ہے موشگاف
عیب کوں اپنے رکھا ہے کر غلاف

گر اپس کے عیب سوں مشغول ہوے
گرچہ تو معیوب ہے مقبول ہوے

حکایت

ہو گیا تھا مست کوئی پیکر شراب
کر لیا تھا حال کوں اپنے خراب

دیکھ کر مست اسے کوئی ہوشیار
باندھ مشکاں لے چلا اپس کے تھار

ناگہاں مست دگر آیا نظر
تر تراتا اور کرتا شور و شر

مست اول دیکھ کر اس مست کوں | طیش سوں لاکر ای بدمست تو
دو پیالے کم پیا اچھا اگر | تو بھی اچھا مجھ سر نکا باخبر
ہی بیگانے عیب پر تیرے نین | دیکھتا نئیں کیوں اپس عیباں کدن
عیب میں ہے تو علک عاشق نہیں | عاشقی کے کام کوں لائق نہیں
عشق سوں گر تجھکوں اچھتی کچھ خبر | دسکے آتے تجھکوں سب عیباں ہنر

حکایت عاشق شدن مردی برنی

کوئی جواں یک شیر صورت نامور | ناگہاں عاشق ہوا کس نار پر
از قضا اس نار کے ابرو تلار | یک برابر تھی سفیدی آشکار
تس سفیدی سوں جواں تھا بے خبر | گرچہ دائم دھن پو تھی اسکی نظر
عشق میں جن کوئی ہور رہتا ہے اس | کب نظر آتا ہے اسکوں عیب یار
بس کتیک دن کوں ہوا جب عشق سرد | رنج سوں پایا خلاصی شیر مرد
دسکے آئی او سفیدی نار کی | بعد ازاں پوچھا کہ ای دھن پیار کی
انکھ میں تیرے سفیدی آئی کب | ان کہی تیرا ہوا کم عشق جب
عشق میں تیرے ہوا نقصان جوں | عیب پیدا ہو کے آیا تجھکوں یوں
ای جو غفلت کا ہے تیرے دلمنیں شور | دیکھ اپس کے عیب ہے اثر و کور
عیب کوں لک خلق کے دیکھیگا توں | دیکھ اپس کے تو نچھا کر عیب کوں
عیب تیرے تجھکوں دس آونگے سب | عیب لوگاں کے نظر آوے تب

نکتہ

مارتا تھا محتسب مسلمت کوں
مفت کے کھا کھا کے سب حرام
مست تجھ سوں زیادہ تو دسے
مجھ پہ ناحق یوں زبردستی نکر

مست نے بولیا بدمست توں
تجھکوں مغروری کی مستی ہے تمام
نیں ولے مستی تری دستی کسے
مستی اپنی دیکھ بدمستی نکر

سوال سائل بیستم

بیسواں پنچھی کہا ای رہنما
فضل جب میرے پہ ہو درگاہ سوں
چیز واں جو کچھ بھلی ہوویگی سو

نیں اگر پہنچا تو مانگوں شہ سو کیا
نیں سمجھتا کیا منگوں میں شاہ سو
بول مجھکوں مانگوں میں اُستی او

جواب دادن ہدہد

یوں کہا ہدہد کہ ای نادان تجھ
کیا اچھیگی اُستی بہتر کوئی شی
جس نے او پایا تو پایا سب اُنے
جب او صاحب آشنا تیرا ہوا

او ملیا تو کیا رہا ارمان تجھ
دو جہاں کی آرزو سوں اوچ ہے
تو بھی جا منگ لے اُسے اُسکے کنے
تو سمجھ لے دو جہاں میرا ہوا

حکایت شیخ بو علی قلندر رحمہ اللہ

روز بازی بو علی مرتے سراں
جوگگن کے مجھ پہ کھولے ہیں کیواڑ

بات تو کیا خوب بولے ہیں فراں
بہشت میں مسند رکھے ہیں خوش سنوار

قدسیاں دھیں مجکوں یوں ندا | ٹیک ای عاشق حق ٹیک
شکر کر شادی گنا ای بو علی | جو نہیں پایا مکاں یوں کوئی ولی
گرچہ یو سب عطا ہی مجکوں ملے | جیو منیرا کس بات پر بھی نا ڈھلے
نیں تو بھی کس چیز سوں پر کم نہیں | یو عطا مجکوں تجھا تو غم نہیں
عشق سوں تیرے ہی جیو منیرا سرشت | میں نہ دوزخ مانگتا ہوں نا بہشت
نیں تجھے منگتا ہوں ای پروردگار | عشق سوں تیرے ہی منیرا کاروبار
تو اچھا منیرا تو سب کچھ ہی مجھے | دین ہور دنیا منے رچھ ہی مجھے
آرزو منیری جو کچھ کہ ہی سو توں | نیش ہی مطلب کفر سوں نا دین سوں
تجھ سوں مقصد ہی منیرا دونو جہاں | یو جہاں ہو نا نہ مجکوں او جہاں
جیو منیرا حاضر ہی لیو گے تو لے | مت کر اپنے سوں جدا مجکوں ولے

خطاب حضرت حق باداؤد علیہ السلام

حق کہا یوں حضرت داؤد سوں | جی منیرے بنداں کوں یوں جا بول تو
گر نہ دوزخ میں بناتا نا بہشت | بندگی منیری تھی کیا تما کوں زشت
گر نہ پیدا کر دکھاتا نار و نور | کیا پرستش نہ اتھا تما قصور
گر نہ اچھتا خوف منیرا یا رجا | کیا نہ لیاتے بندگی منیری بجا
ہی روا اسکوں جو سر بھیں دھریں پر | صدق سوں منیری پرستش سب کریں
بول بندوں کوں جو کھینچیں سب نہ بات | بندگی منیری کریں دل جان سات

ہی خو کچھ تو جگنے بن رے سوا — ذرہ ذرہ تو زر کر اسکو جلا
سب اسو سب جلنی کو ہو جاو بھسم — نار ہے اسمیں رتی کچھ بیش و کم
پس بھسم کو بھی ارادیو تمام — تا کہ حاصل ہوے قربت کا مقام
جس کو دیتا ہی بہشت و حور او — اسکو رکھتا ہی اپستی دور او

حکایت

او جو تھا محمود سلطاں کا ایاز — شاہ نے اسکو کیا جیوں سرفراز
بادشاہی تخت و افسر سب دیا — ملک و کشور لاو لشکر سب دیا
پس کہا جا تخت پر بیٹھ ای ایاز — ملک کو دے قول لشکر کو نواز
خلق عالم کا یوں دیکھ ہو رنگ — ہو رہے حیرت سو اپنے دل میں دنگ
پس لگے کرنے ایس میں آپ بات — نیں کیا کوئی شاہ یوں بندے سگات
لیکن اس ساعت ایاز ہوشیار — پھوٹ کر سینہ لگیا رونے کو زار
پس کہے لوگاں کہ دیوانہ ہی تو — یا ایس کی سد سو بیگانہ ہی تو
بادشاہی آئی ہی جب تجھکو یوں — شکر کر ہو شاد ادر روتا ہی کیوں
پس ایاز انکو دیا حاجواب — ہیں تمیں تو غافل ازراہ صواب
نیں سمجھتے تم کہ شاہ کامگار — مجھکو اپنے قرب سو کرتا ہی بہار
کام فرماتا ہی مجھکو بادشاہ — خور ہوں نیں دور مشغول سپاہ
نیں تو مطلق کسو فرمع راضی نہیں — جو مے سلطاں کہیں اقدیں کہیں

مجھکو تخت و تاج کو درکار ہیں
بادشاہی مجھکو جز دیدار نہیں

میں نہ سکتا ہوں اس بن یکنفس
بادشاہی کی نہیں ہرگز ہوس

سیکھ لے ای مرد طالب پاکباز
بندگی تو یہی جو کرتا تھا ایاز

جب تلک نہیں تجھکو یہ ہمت کمال
وصل کی دولت اچھے تجھ پہ محال

جنت و دوزخ پو ہی جب لک نظر
نیں تجھے اسبات کی ہرگز خبر

جب گذر کر جائیگا دونوں سوں تو
صبح دولت تجھکو دکھلا دینگی موں

مرد ہی تو چھوڑ دے دونو کو بھی
دل نکو رکھ اپنو بھی اور اپنو بھی

چھوڑ کر جو کوئی ہوا دونو سوں فرد
گر او عورت ہی کہینگے اسکو مرد

مناجات حضرت رابعہ بصری

رابعہ بولے کہ ای دانا راز
دشمناں کو یہ نہ دو دنیکر نواز

دوستاں کو آخرت سب دے تمام
میں تو ہوں بیزار دونو سوں مدام

نا دنیا نا آخرت ہونا مجھے
گر تو میرا ہی تو کیا ہونا مجھے

ہرگز اس دونوں سوں میں پرکم نہیں
تو اچھیا میں تو نہی کچھ غم نہیں

گر دو عالم پر کروں کوری نظر
جانتی ہوں اس نظر کو کفر کر

جسکو اور رب ہی تو سب کچھ ہی اسے
دو جہاں میں رونق وو کچھ ہی اسے

تب ہی رہنگا ہی جو کچھ اسکے سوا
کوئی گر جسکو بھی خاطر میں لاوے

حکایت ظفر یافتن سلطان محمود بر سومنات

شہر سورت پر جو شاہ غزنوی — جوں کہ پایا عیب فتح قوی

ہندوؤں کا بُت اتھا او سومنات — از قضا آیا گمر سلطان کے ہات

جمع ہو کر ہندواں آنے لگے — دس برابر بت کے زر دینے لگے

بادشاہ نے زر پہ نا رکھ کچھ نظر — بُت کوں فرمایا کہ ڈالیں پھوڑ کر

پس کہے لوگاں کہ زر لینا اتھا — لشکراں کوں بات کر دینا اتھا

شہ کہا مجھکوں کہ نو ڈر ہی برا — جو مجھے آ دو برابر لا کھرا

حشر میں آواز دیویگا سروش — جو او بت گرہی تو یہی بت فروش

بعد ازاں اسکوں سٹے جب پھوڑ کر — آنتہ من اُستی نکل آئے گوہر

تو بھی اپنے نفس کا بُت ای عزیز — پھوڑ ست گر ہی تجھے عقل و تمیز

جب تو اُس بُت کوں سٹیگا پھوڑ کر — نقد سیتی نکا تجھے گنج و گہر

جیوں سُنیا ہی تو جو آواز الست — مت بلی کہنے سو کر کوتاہ دست

جیوں اول سو تجھکوں اذا قرار ہی — اب تجھے کس بات سو انکار ہی

جیوں بندیا ہی عہد تو میثاق میں — مت لسر جا اسکوں رکھ کر طاق میں

قول پہ اپنے رہنا نا چار ہی — عہد پر کرنا وفا درکار ہی

جیوں اول کیتا ہی اقرارِ الست — کر کنکوں آخر کوں انکارِ الست

حکایتِ رفتن سلطان محمود غزنوی بجنگ ہند

جیوں کہ شاہ غزنوی کر قصد جنگ — ہند کوں لڑنے چلا ہندوؤں کے سنگ

حکایت

چیوں کھوند اوی دل میں آب ہی

جیوں باغ میں ہی باغ میں آب ہی

لالے کے من بیچ لگا دل داغ

ہی دل میں سوں اتہا جو نکہنا باغ

دھر باغ کی دل میں اسی کا نپی

کہ ابی تی نیک اتھا وو اپنی

ادمرد

دیکھ کر لشکر انوں کا بے شمار ۔ دل منے بولا کہ اے پروردگار

گر میں اس لشکر پہ پاتا ہوں ظفر ۔ جو غنیمت آئیگی لشکر سر بسر

سب لٹا دیونگا فقیراں کو تمام ۔ ایک جو آپس پہ سمجھونگا حرام

عاقبت کو فتح پایا شہریار ۔ ہاتھ میں آئی غنیمت بے شمار

جو کرے اسپر نظر حکمت شناس ۔ جس سکے نا ایک غنیمت پر قیاس

اس وضع بے حد غنیمت پا جیوں ۔ ہندواں سارے ہزیمت پا جیوں

شہ نے فرمایا کہ یو سب مال و زر ۔ تربت درویشاں کو دیویں بانٹ کر

تا کہ ہووے نذر کو میرے وفا ۔ نئیں زیاں اس بات میں غیر از نفا

پس کہے لوگاں کہ یو سب مال زر ۔ کیا کرینگے وہ گروہ بے خبر

یا سپہ کو دے جو آوے تیرے کام ۔ یا خزانے میں جتن کر رکھ تمام

شاہ نے یو بات سن حیراں رہا ۔ فکر و اندیشے میں سرگرداں رہا

از قضا لشکر میں یک دیوانہ تھا ۔ لیکن آپس ہوشیار لئی فرزانہ تھا

شاہ نے اسکو بلا کر دور سوں ۔ دل منے بولا کہ ای محمود توں

مصلحت کر اس دیوانے کے سنگات ۔ یو کہینگا بے غرض تو تجھ سوں بات

پس دیوانے کو بلا شاہ جہاں ۔ کھول کر اپنا کہا راز نہاں

تب کہا دیوانہ سن ای بادشاہ ۔ جیوں سنوارا کام تیرا یوں الٰہ

بار دیگر گر تجھے ہے اس تی کام ۔ بانٹ دے سارا فقیراں کو تمام

جسے تو نصرت دیا ہے تجھکو لج	اسکو بھی معلوم سب تیرا مزاج
بعد ازاں بھسوں نے اوپل سب	اگلی فقیراں کو دیا درحال تب

سوال سائل بیست ویکم

بعد ازاں آیا یچھی یکیسواں	ہور کہا ای پیشوائے رہرواں
کیا ہی لائق چیز اس درگاہ کے	جو لیجاویں نذر ہم اس شاہ کے
دست خالی نیں روا جانا وہاں	تحفہ لازم تر ہے نزدیک شہاں

جواب دادن ہدہد

پس کہا ہدہد کہ تو تو لیا عجب	وہاں جو کچھ تیں ہے سو تو نہ لیجا
تو لیجاوے لگا تو بھسا سو وہاں ہے سب	زیرہ کرماں کو لیجانا کیا سبب
علم ہے واں حکمت و اسرار ہے	طاعت روحانیاں بسیار ہے
ہیں سو کیا بولوں تجھے میں اے فلاں	عاجزی ہے درد دل ہے سوز جاں
گر تو یو لیجاوے تو مقبول ہے	شہ کے لائق تحفہ یو مقبول ہے
گر کرے تو درد دل سو ایک آہ	بوے اسکی جائیگی تا پیشگاہ
خاص جاگا آہ کی ہے مغز جاں	پوست اسکا کیا ہی نفس بدگماں
بعد آوے آہ اگر جاگے سو خاص	زیرہ غم سو کر سینے میں خلاص

حکایت آمدن زلیخا بہت ضرب یوسف علیہ السلام

جب زلیخا تیں سو دعوے آئے	حضرت یوسف کو بندیخانے ڈالے

پس غلاماں سوں طلب کر یک غلام
حکم فرمائے کہ ای با اہتمام

جاکے لکڑیاں ماریو یوسف کوں بچا پاس
تا صدا آوے مجھے مانند طاس

تب وو بیچارہ غلام نرم دل
دیکھ یوسف کوں ہوا دل میں خجل

ناگہاں چمڑا کہیں آیا نظر
مارنے چمڑے کوں لاگا کھینچ کر

جب لگی لکڑی اتھے یوسف پکار
پھر زلیخا اسکوں بولے اور مار

پس کہا آخر کوں یوسف سوں غلام
میں تجھے کہتا ہوں سن ای نیکنام

گر نہ کھینچیگی زلیخا تجھ پو داغ
ہو ویگی منج پہ مطلق بد دماغ

ہاتھ اٹھا اور دل کوں کھٹ کر ایکبار
مارتا ہوں ایک لکڑی استوار

گرچہ ہے تجھ نازنیں تن پر زیان
لے ہے و بجھکو نشاں مجھکو امان

پس اچائے ہاتھ یوسف مبتلا
دیکھ اٹھا سا تو گگن میں کھلبلا

چھوں کر مارا کھینچ کر یک ہاتھ او
آہ یوسف نے کئے غمناک ہو

تب زلیخا نے کہے او آہ سن
بس کر اب اس آہ کے باشی ہو گگن

تب کہے ناچیز او آہ ناتمام
آہ نے اس بار کے کیتا ہے کام

گرچہ رونا نوحہ گر کا طور ہے
ہائی کا آہ کرنا اور ہے

گرچہ تیرے خلق کر سکتے غمیں
آہ یک ماتم زدے کا ہے نگیں

گر تجھے بھی دل منے کچھ درد ہے
سینے میں ہوتی من تو فرد ہے

عشق کی جس دل منے ہے تاب و تب
کب قرار اسکوں اچھیگا روز و شب

حکایت غلام متعبد و آقای او

ایک صاحب کو انتھا زکی غلام ۔۔۔ دھو ستیا تھا ہا تھہ دنیا سو تمام

رین ساری او غلام پاکباز ۔۔۔ صبح لگ کرتا اچھے دائم نماز

پس کہا صاحب کہ ای مرد خدا ۔۔۔ جب تو جاگیگا مجھے بھی دے جگا

جب وضو کرمیں کروں تجھہ سنگ نماز ۔۔۔ پس جواب اسکا دیا یوں پاکباز

نار جتے وقت پیریاں لگا جب ۔۔۔ دے جگا مجھکو کہے تو ہے عجب

ای دھنی گر تجھکو ہووے درد دین ۔۔۔ تو اپنی آپ جاگیگا یقین

جب جگاویگا تجھے تو اور کوئی ۔۔۔ او عبادت اسکی ہے تیری نہوی

جسکے دل میں دین کا کچھہ درد نیں ۔۔۔ سر پہ اسکے خاک بھا او مرد نیں

درد سو ہے اصل میں جسکی سرشت ۔۔۔ کچھ ہے اسکے اگے دوزخ بہشت

حکایت خبر دادن بو علی طوسی از حال دوزخ و بہشت

بو علی طوسی کہ پیر عہد تھے ۔۔۔ دین کے مارگ میں صاحب جہد تھے

جس مکاں پر او رکھے ہینگے قدم ۔۔۔ واں ملک پہنچا اچھیگا کوئی کم

او کیے ہیں ذکر یوں اسباب کا ۔۔۔ حال میں اپنے بیاں عرصات کا

جو صباں سب اہل دوزخ زار زار ۔۔۔ اہل جنت سو پوچھینگے آشکار

کیا تمھارا حال ہے جنت منے ۔۔۔ کیا خوشی ہے کیوں ہیں تم راحت منے

تب کہینگے اہل جنت اسو ضع ۔۔۔ نیں ہے اب جنت میں خوبی کس وضع

جب سو دیکھے ہیں جمالِ لایزال — نا دسے جنت میں کچھ خوبی کمال

جب نظر آیا جمالِ نامدار — پڑ گیا تب سات جنت پر اندھار

روشنی سوا او جمالِ جانفشان — نا دکھیگا نام کس کا نانشان

اہلِ جنت یوں کہینگے جب جناب — اہلِ جنت پھر کے دینگے جواب

ای تمیں جنت سو بے پروا گروہ — دیکھ کر اسکا جمالِ باشکوہ

ہیں ہمیں تو اگ میں سرتا قدم — دیکھتے ہیں رات دن رنج و الم

یک نظر ہم دیکھ کر اسکا جھلک — بے خبر ہو گئے ہیں حسرت میں اچک

دل منے ہی اگ حسرت کی ہنوز — اگ سو دوزخ کے منیں ہی اسکو سوز

اگ حسرت کی جہاں ہی کارگر — اگ سو دوزخ کے وہاں کاں اثر

جس کو اس درد کی حسرت اچھے — کب اسے اس اگ سو غیرت اچھے

زخمِ دل کو آہ حسرت ہی ضرور — رنج کی لذت کو راحت ہی ضرور

گر تجھے اس ٹھار دل مجروح ہی — محرمِ اسرارِ ذوقِ روح ہی

گر ترا زخمی ہی دل تو دم نہ مار — داغِ حسرت زخم پر کر استوار

سوالِ سائل بیست و دوم

بس کیا با و بیسواں پنچھی سوال — بات کی سختی تو دیسی ہی محال

بول اتا ہما تو ای دانائے راہ — یہاں سو کئے فرسنگ ہی درگاہ

جواب دادن ہدہد

بس کہا ہدہد نے اس پنچھی سنگات	گر تو پوچھے راہ میں وادی ہیں سات
ہیں وے معلوم فرشتگاں کسے	جی نکو کوئی وہاں جا پھر کے آتا دسے
جن گیا ہے سو رہا ہے واں اٹک	نہیں آیا جو کوئی پوچھیں تھک
ہے اول وادی طلب کی سخت تر	عشق کی وادی ہے دوسری پر خطر
معرفت کی تیسری وادی ہے جان	چوتھی استغنا کی وادی ہے سو جان
پانچویں توحید کی وادی ہے پاک	ہے چھٹی حیرت کی وادی خوفناک
ساتویں ہے وادی فقر و فنا	اسکے آگے راہ میں سو کیا کنا
واں کشش بن نا رہے کو روش	گم ہے سب ورد راہ بنش الا کشش

بیان وادی اوّل در حقیقت طلب

جب تو وادی میں طلب کے آئیگا	دمبدم ہر ہر قدم دکھ پائیگا
ہر گھڑی پیش آئیگے سو سو بلا	آسماں اس سوز کا ہے یک چھلا
کام ہے کوشش سو یہاں سب سر بسر	رہ سدا کوشش منے ساری عمر
مال کا یاں ترک کرنا ہے ضرور	ملک اس پر کا چھوڑ جانا ہے ضرور
خاک کو پانی کرکے دکھلانا ہے یاں	جیو کو رنج و درد میں بہانا ہے یاں
سب علائق سو اس کے دل کو توڑ	جس پہ تیرا پیارا ہے دے اسکو چھوڑ
جب گنوا دیگا اس کے سب صفات	تب کہیں دس آئیگا او نور ذات
ہووینگا جب دل میں او نور آشکار	یک طلب سو ہووینگی تس کو ہزار

گر اگن کا گھاٹ تیرے آئے آڑ | یا بلا کا آئے تجھ پر پہاڑ
جا پڑیگا تو سو پروانے نمن | شوق سوں جیکا دیوانے نمن
محو مشتاقی سے ہو جائیگا | جرعۂ ساقی پاس منگنے آئیگا
شوق سوں جب ہوئیگا تو جرعہ نوش | نا رہیگا دو جہاں کا تجھ کو ہوش
غرق دریا میں رہیگا خشک لب | ستر جاناں کو کریگا جب طلب
جب ترا جیو آرزو سر کی کرے | اڑ و نا جاں سے ستاں سوں نا ڈرے
کفر اور لعنت اگر در پیش آئے | سر پہ لینویگا جو کئیں بھی بات آئے
ہات سیتی پر کہاں ہی کفر و دین | واں تو نا اوہی نہ تو ہی ای امین

اشارۂ عمر عثمان در سجود ملائک با آدم علیہ السلام

عمر بن عثمان کہے میں تجھے رفیق | یوں لکھے ہیں گنجنامہ اس طریق
جو سنگیا سے بدل حق جان یاں | قالب آدم کو جو تھا آب و خاک
پس کہا یوں جو بھرو تن بھتر | جو نہوے اس تی فرشتیاں پر خبر
حکم فرمایا فرشتیاں کو تمام | تا کریں آدم کو سجدہ والسلام
پس فرشتے سب ہو سر زمیں | اس سبب او سر کو کوئی دکھا نہیں
تو جو تھا ابلیس لا یا دل منے یوں | یاں تو کوئی نیں دکھتا سجدے کو جیوں
نیں کرنا آدم کو سجدہ کیا سبب | کیونہ دیکھو سر حق انکھا سو اب
جانتا ہوں میں کہ آدم خاک نیں | او سو الحق غیر تیر پاک نیں

سر کوں میں دیکھوں برے اوبی سنو کیا | گر خدا کاٹے میرے سر کوں تو کیا

جو تھا ابلیس کا سر خاک پر | تہ مثلا کوں تجھیا کہے نظر

پس کہا حق نے کہ ای جاسوس ترا | تو کیا ہے سترِ مولا پر نگاہ

گنج پنہاں تھا سو تو دیکھا عیان | تجھکوں روتا نیولے در جہان

بادشاہاں گنج جب کہتے نہیں کیں | ہار سنتے ہیں دکھن ہاراں کتیں

پس کہا ابلیس دے مہلت مجھے | جو کیا ہوں لئی عبادت میں تجھے

تب کہا حق تجھکوں مہلت دئی ولے | طوقِ لعنت بھاؤنگا تیرے گلے

جو کیا ہے اس وضع بد طینتی | نام تیرا آج سے ہی لعنتی

تب کہا ابلیس ای پروردگار | گر جو کچھ کرتا ہی تیرا اختیار

لعن بھی تیری ہی اور رحمت تیری | تو جو دے مجھکوں سو جو قسمت میری

مجھکوں سو لعنت سو تریاک ہیں | زہر بھی ہو تا کہ سب تریاک ہیں

بھاتے ہیں خلق جس لعنت سو سب | ہیں اُسے لیتا ہوں سر پر با ادب

رنجِ عالم کوں کیا ہوں میں قبول | پس بندہ ہیں لعنتی ہوں ہیں فضول

آدمی کوں اس وضع ہونا طلب | ہیں تو دعوی سر جھکا ہی شب

تو اگر ڈھونڈتا ہی اودیا تا نہیں | کیا او کم ہی کہ طلب ہی تجھ لقت

حکایت زنار بستن حضرت شبلی در حالت نزاع

جیوں کہ مرتے وقت شبلی بیقرار | مو نجھے کر چاک دل سو بد انتظار

جا نوا اپنے گلے میں ڈال کر
خاک پر لٹکے اچھے ہو کر بے خبر

اشک سو سب خاک تر کرتے اچھے
خاک لے کب سیلیں پر کرتے اچھے

کوئی پوچھا شیخ اس حالت منے
جا نوا ڈالا ہے کوئی دنیا منے

شیخ بولے کیا کہوں جلتا ہے جان
آگ سو غیرت کے باطن میں نہان

جب کہیا ابلیس کوں حق لعنتی
حرف یا کا اس منے ہے نسبتی

مجھکوں اس نسبت سو غیرت ہے تمام
آگ میں جلتا ہوں میں استی مدام

لفظ لعنت گرچہ ہے محض غضب
حرف میں یا کے لطیفہ ہے عجب

طالب صادق نہیں تو ای عزیز
سنگ و گوہر میں اگر ہے کچھ تمیز

گر تجھے پیارا ہے گوہر سنگ زرد
صدق دعوے میں طلب کے پانے گرد

سنگ و گوہر کر سمجھنا ہے خطا
او جو کچھ بخشے سو ہے محض عطا

گر تجھے معشوق مارے لے پتھر
خوب ہے استی جو کوئی دیوے گہر

مرد کوں ہونا طلب اور انتظار
نا کرے جیو دم بدم رہ پر نثار

نا رہے یکیں طلب کوں چھوڑ کر
نا رکھے آسودگی پر کب نظر

انک تن ہووے طلب سو گر جدا
ہے اور مرتد ہیں اسے راہ ہدا

نکتہ

از قضا کوئی بات میں صاحب نگاہ
جھاڑتے مجنوں کوں دیکھا خاک راہ

پس کہا ڈھونڈتا ہے کیا مجنوں یہاں
او کہا ڈھونڈتا ہوں میں لیلی کوں یہاں

بس کو تو لیا کیوں تو ہوتا ہے ہلاک | خاک میں کاں پائیگا اوڈر پاک
یس کہا مجنوں کہ ڈھنڈتا ہوں مگر | کیں تو بھی مجھکو ملے لیلی کگر

اشارت امام زمان یوسف ہمدان رحمة اللہ علیہ

یوسف ہمدان امام روزگار | صاحب اسرار و شیخ نامدار
کیا کہے ہیں جو زمیں سوتا گگن | گر تو دیکھے کھول کر اپنے نین
ہی سچا ہر ذرہ یعقوب دگر | پوچھتا ہے یوسف اپنے کی خبر
دردا چھا مرد کو اور انتظار | صرف ان دونوں میں کر یا روزگار
گر نہیں دونوں بھی تجھکو تو بھی توں | ڈھونڈتا رہ شوق سے اسرار کوں
صبر لازم ہے طلب میں مرد کوں | کاں ہے لیکن صبر اہل درد کوں
صبر کرنا ہے تجھے یہاں خواہ مخواہ | پائیگا کیں سو تبھی یک روز راہ
جیوں کہ ماگے بیت میں تا بیچا | لہو البیس کا آپ پیتا ہے کچا
تو بھی باطنیں ایس کے رہ وہیں | خون دل کھا رنج و غم سب وہیں
سالکوں کا دائم ہے منزل مقام | کیا جانے سو نہیں کب انکو کام
تو بھی لہو پی صبر کر مرداں نمن | تا کہ حاصل ہو وے مطلب لے سخن

حکایت سلطان محمود و خاک بیز

تس کو کیں جاتا تھا محمود تیز | بات میں آیا نظر یک خاک بیز
جو کیا تھا جا بجا مانی کے گنج | کسب میں مشغول تھا با سعی و رنج

شاہ کے دل میں جو کچھ آیا خیال	چپ چلیا ماٹی میں باز و بند ڈال
شہ جو آیا پھر کے واں بار دگر	جیوں اٹھا تیوں خاک پیر آیا نظر
پس کہا ای خاک پیر ہوا لہو و لعب	کل جو تو پایا ہی سو نیں تجھ کو بس
کیا سبب بھی کھینچتا ہے درد و رنج	سات پیری کو تیرے بس ہی او گنج
پس کہا او خاک پیر ای بادشاہ	خاک سو پایا ہوں میں اقبال و جاہ
خاک ہے مجھکو کیا ہے سرفراز	خاک سوں میں کیوں رہوں ہو بے نیاز
خاک سو ہے آس میری روز و شب	خاک سو پایا ہوں میں اپنی طلب
مرد ہو رہ تا کہ تو در ہووے باز	مت چھپا سر تا کہ ہووے سرفراز
تو طلب میں رہ سدا ای مستمند	بند نیں دروازہ تو ہیں نیں بند

نکتہ

بولتا تھا کوئی بے خود ای الہ	کھول دے دروازہ اور دے مجھکو راہ
رابعہ وہاں تھے سو خوش بولے مگر	بند تھا دروازہ کب ای بے خبر
ہے تو در دروازہ کھلا لیکن تو آ	منگ لے کیا منگتا ہی سو تو ای گدا

وادی دوم در حقیقت عشق

بعد ازاں ہے عشق کی وادی کٹھن	اسکو طے کرتا ہی جو وہاں لگ جا ہے
آگ کے سمدور ہور غم کے پہاڑ	درمیاں آتے ہیں کئی کئی ٹھار ٹھار
عاقبت اندیش کا وہاں کام نیں	ایک تل جیو کو وہاں آرام نیں

جا دے دھا لک چلکے او مرد ہنگ — جسکو عالم کا نچھے کچھ نام و ننگ

او نجانے کفر کیا اور کیا ہے دین — او نہ شک سمجھے نہ پہچانے یقین

جیوں پتے اتر کر اگنمیں جوں ستی — نا رکھے کچھ جیو کی پروا ایک رتی

نیک اور بد سب اسے یکساں اچھے — عشق جب آ دے تو یہ او کاں اچھے

کھیلتا ہے عشق کا جو کوئی قمار — نقد ہستی ایکدم دیتا ہے ہار

عشق آتش عقل سو جیوں دود ہے — عشق اگے عقل سب نابود ہے

عقل مایہ عشق کے شود میں کھووے — عشق کا کام عقل سو ہرگز نہووے

عقل کی ہستی کو جب لگ نا جلاے — عشق کے غم سو خلاصی کیوں کہ پاے

جو ہر تن کو کیا لگ نیں عیار — تو مفرح دلکشا کیوں ہووے تیار

دیکھ اصل عشق کیا ہے ای گدا — گر دیا ہے غیب میں انکھیاں خدا

پات پات اسکی ایس ہستی منے — کیوں نجھکے ہیں دیکھ سرستی منے

غیب کے انکھیاں جو تجھ باز ہوئیں — ذرہ ذرہ سب تجھے ہمراز ہوئیں

عقل کے انکھیاں سو دیکھیگا اگر — نا دسیگا عشق تجھکو بال بھر

عشق کو در کار ہے یہاں مرد کار — نا رکھے دل کو ایسکے استوار

نا تو مرد کار نا عاشق اچھے — عاشقی کو کس وضع لائق اچھے

زندہ دل کو کام ہے یو سازوار — نا کریں ہر دم ایس کا جیو نثار

حکایت معشوق و عاشق و سوختن هر دو

حکایت

یک رند فقیر

ہی دکھن میں قصبہ یک لوسا لگر — جو ندی گنگا سو ہی نزدیک تر
وہاں سنہارے اتھے دو شخص کوئی — خوب سیرت پاک خصلت نیک خوئی
ایک کو بیٹا اتھا روشن گہر — ایک کو بیٹی سندر تھی جیو خیدر
از قضا کھنوادگی کے سن منے — تو بیچے ہردو سس تھے ملاں کنے
ناگہاں لگ کر گئی دونوں میں پیت — بیت جاکر عاشقی کی آئی ریت
عاشق جانی ہوے انکس کے ایک — یار پنہانی ہوے انکیس ایک
غل کیا اسباب نے جو ناگہاں — تو بے پائے کیں سندر کے باپ وہاں
تنک سو دونوں میں لیا ڈالے حجاب — پس ہوے حسرت سو دونوں جل کباب
جب یو جانی سدھیں آئی اپنے بد — کیں کئے ماں باپ اسکو نامزد
تا کتنیک دن بعد مانند بیاہ و کاج — ہو گئی دل میں سندر آتش مزاج
آگ حسرت کی اٹھی دل میں بھڑک — دل جگر جلنے لگیا غم سو ترک
پس کہی دلکو کہ ای دل کیا علاج — نئیں خلاصی مجھکو جیو دنئے کے باج
کس سو ضیع وعدہ نبھاؤں یار کا — کیوں رکھوں خاطر الیس دلدار کا
ای فلک اسے کیا جفا کیا جور ہی — تم سے کیتا تو ستم کا طور ہی
تو سنو اپنے دلمنے یوں زار زار — لوگ سب شادی منے تھے کامگار
جمع لی باں گھر منے اودھار مرد — شاد خوش بیٹھے اتھے سب فرد فرد
جا بجا سندر بچھاے تھے تمام — چار دنگان سو پکائے تھے طعام

تب تلک گشت سے شہ پھیر کر
آکے پہنچا دھوم سوں بستر کے گھر

لوگ نوشہ کے اگے تھے پیشوا
چھوڑ کر بستر کوں بیاں ہو جدا

کوئی رہا نئیں اس منجے خانے مجھار
تب سمجھ کر وقت فرصت او نگار

کوٹھری کا قفل سو در بند کر
پس کہی دل سوں کہ ای دل کیا خبر

وقت ہمت کا ہے ہمت کر اتال
کر مددگاری مجھے اور لے سنبھال

ای دل اب یہ جیو تجھے کیا کام آئے
جو بیگانہ تن کوں تیرے ہاتھ لائے

اِستی اگے زندگی میں نئیں نفا
حیف ہے عاشق کہے گر بے وفا

پس اپس کے تیل سوں کپڑے بھجی
آگ دیتی شمع کے نزدیک جا

ہو گئی یک پل منے جل بل کے خاک
غم سوں عالم ہو رہا سب دردناک

از قضا عاشق بھی اُس غلغل میں
تھا مگر اپنے پریشاں حال میں

دیکھ کر لیے کی دھکدھکی انگار
جا پڑیا یک آہ کر بے اختیار

ہو گیا یک پل منے یو بھی فنا
جا ملا دونوں آشنا سوں آشنا

عاشقاں تو یوں فدا کرتے ہیں جان
تو کہاں اور تجھ کوں یہ ہمت کہاں

حکایت عاشق شدن گدائی بر ایاز

کوئی گدا پیدا کیا عشق ایاز
ہو گیا ساری جہاں میں فاش راز

بھار آتا جب ایاز شہسوار
دوڑتا جاتا اگے یو خاکسار

جس طرف جاتا او گھوڑے کوں دوا
تس اگے ہوتا پو چوگاں کا بآ

کوں کہا محمود کوں جا کر کمر | ہی گدا عاشق ایاز خاص پر

دوسرے دن سو ہوا سلطان سوار | ساتھ اسکے پن ایاز کا مگار

سو گدا عاشق بھی ہمراہ ایاز | دوڑتا تھا خوش ہوا آگے پیشواز

بادشاہ نے جب کیا اس پر نظر | دیکھے آیا عاشق بے پا و سر

تہ چوگاں سٹر چوگاں کا تہ | دوڑتا تھا جوں کہ چوگاں کا تہ

پس بلا اسکوں کہا شہ ای رکیک | کیا تو ہونگو منگے میرا شریک

پس کہا درویش نے ای بادشاہ | عشق بازی کوں گدا کیا بادشاہ

بلکہ ہے عشق گدا استی زیاد | جو گدا سو عشق دھرتا ہے سواد

نیں ہے کچھ اس بات میں یکذرہ شک | مفلسی سو عشق پاتا ہے نمک

عشق تیرا تو اچھے دولت کے زور | عشق میرا رنج ہور محنت کے زور

وصل کا سامان حاصل ہے تجھے | کاں ہے ہجر و صبر و درد دل تجھے

چھوڑ دے تو وصل کا سب کروفر | ہجر میں آ صبر کر ہی مرد اگر

پس کہا شہ کیا سب دلبر کوں چھوڑ | گوے سو چوگاں کے چک رکھتا جوڑ

تب گدا بولیا کہ ای شاہ جہاں | گوئی بھی ہے مجھ سر یکسا گراں

میں بھی اور تو گوے بھی دونو جنے | ہیں ہمیشہ یار کے چوگاں کنے

اسکوں تیری مجھکوں اسکی ہے خبر | ہیں ہمیں اسکی تک گشتہ تر

لیکن اتنا فرق ہے بے گفت و گو | نعل بوس اسکے ترنگ کے گوئی ہو

اس نفس کوں عام و خاص جانے

اس تو کونہ ایک دو تجھا سے

اس یکت کوں نہ تجھے کہہ سکو گا

او دو دھو کے پچھیک کو گا

گرچہ ہیں تو ہیں بے یار و سر | ہے و لے مجھ رنج اُستی سخت تر

زخم چوگاں گرچہ تلی پر کھا گوے | مجھکو ہر دم زخم میرے جیو پہ ہوے

گوے کو ہے گرچہ زخماں بے قیاس | دو تا ہے بیت سو اس آس پاس

گوے کو تو ہے حضوری ہر گھڑی | و خوشی ہرگز مجھے نیں تو کبھی

گوے کو تو نغز نیں ہے تو وصل | لے گئی ہے گوے مجھ و گوے وصل

بعد ازاں شہ نے کہا سن ای گدا | ہے گدا او کوئی جو مفلس ہو سدا

گر تو مفلس ہے تو لا اُسکی دلیل | مفلسی کی کس وضع کیا ہے سبیل

پس گدا تو لیا کہ نیں مفلس نہیں | مفلسی کی صورت مجلس نہیں

جب تلگ یو جیو ہے تیرا تن منے | نیں ہوں صادق مخلصی کی فن منے

جب کروں گا جیو کو جاناں پر نثار | مفلسی کا ہو دیگا تب اعتبار

تو بھی ای محمود اب ہو جاں فشاں | جاں فشانی عاشقی کا ہے نشاں

بات اتنی کر کے او مفلس گدا | جیو کیا یک پل میں جاناں پر فدا

تو تماشا دیکھ کر محمود شاہ | دل منے لئی سا کیا افسوس و آہ

نیں جلگ تو کام پر نامرد کوں | جانتا ہے کیا وہ عشق و درد کوں

حکایت لیلی و مجنون

لوگ لیلی کے کہیں مجنوں کنیں | چھوڑتے تھے تا ایسی محلت میں کنیں

ایک دن جنگل میں جا کر تو ننگ | زینت دیے کالا دھگر سو رنگ

بعد ازاں اس پوست کوں تن پر سوار
ہو گیا وہ تن منیں سرگرم یار

پس کہا دھنگر کوں ای صاحب شرف
ٹک نک و تبار منیں مجھے لیلی طرف

تا مگر لیلی کوں دیکھوں دور سوں
لے ثواب اتنا خدا کے نور سوں

بعد ازاں دھنگر سخن یو سن لیا
جیوں کہا مجنوں نے اسکو یوں کیا

عاقبت مجنوں جو پہنچا جا کے وہاں
دور سوں لیلی کوں دیکھا ناگہاں

ہو گیا یکبارگی بے ہوش آپ
سب نکل جا رہا او ہوش و تاب

سو چکا پانی گیا سوں گذر
لے چلیا دھنگر ان کوں تانک گر

بھار لا چھکا جو تک سا کہ ... بیر
ہوش سو تھنڈا پڑا اسکا سر پر

پس لگیا بھرنے کوں مجنوں تنگ دھر
تب کہا کوئی دوست ای مجنوں بھر تنگ

تجھکوں جو پوشاک ہونا سو مجھے
تول دے در حال تا لا دیوں تجھے

تب کہا مجنوں کر ای غمخوار دوست
تیں مجھے پوشاک بہتر غیر پوست

پوست لا دے گر مجھے کوئی دوست ہے
اطلس و زربفت میرا پوست ہے

پوست سوں دیکھا جب ہیں دوست کوں
دوست رکھتا ہوں بہاتا سو پوست کوں

دل لے تیرے بھی گر عشق دوست
تو بھی مجنوں کے نمن جا ڈھوند پوست

پوست ہی لگ ڈھوندلے جا دوست کوں
موڑ جا تول کوں ہی پیدا پوست سوں

پوست بند کر موڑ پھر تنگ ای مرد مجھے
سب اترا دے ماسوی اللہ ہی ہو تجھے

حکایت مرد ی عرب و سو مین اور وہ بندان و وقت اپنا مسلمان آزمائش

پایا او پھر بہوت در دخت

دربیان ایسا سیر بیخودی و
دعوی منصور او انا الحق

کوئی عرب تھا سو ہندیں آ عرب — رسم ورہ وہاں کا دیسا اُسکو عجب
کیں بھرنگاں کی گیا مجلس منے — دیکھتا ہے تو نہیں کوئی کس منے
سب شرابی سب جواری داد گیر — سب ہوا تارے سب چھوڑے بے نظیر
پات پولیاں پات پر دھر جاتے جائیں — جو ادھر سو آئے سو اودھر اڑائیں
ہر کسی کے ہاتھ میں جام شراب — جا کتا اُنکے مزے کا ہور کباب
دیکھ اُنکو یو عرب شیدا ہوا — شوق اُنکے بزم کا پیدا ہوا
اور بھرنگاں بھی عرب کو دیکھ کر — مفت روزی غیب کی سمجھے مگر
سب لگے کہنے کو آجا ای نہنگ — ہو ہمارے ساتھ ملکر ایک رنگ
یہ عرب بھی جا ملیا اُنمیں وہیں — ستر پنہاں اُسکو سمجھا کچھ نہیں
انا دئے اُسکو بھی یک جام شراب — یو پیا سو ہو گیا مست و خراب
لے گئے یاراں جو کچھ تھا اُسکے پاس — نقد و زر اور تن پہ کا سارا لباس
جام دوسرا اونکے بھی دوسرا بھرنگ — ہانک دیتا گھر سو باہر ننگ دھڑنگ
آ گیا پھر کر عرب کوں یہ عرب — بھیک منگتا بھوک مرتا خشک لب
پوچھنے کو آئے لوگاں کیا ہوا — کاں گنوایا کس وضع اپنا ردا
کیا سب سو یوں گیا تو لوٹ کر — چور لے گئے یا لیا کوئی لوٹ کر
ہند کا جانا ہوا کیوں شوم تجھ — کیا دیسا واں کیا ہوا معلوم تجھ
یوں عرب کہنے لگا با درد و سوز — تن بھرنگاں میں گیا تھا اگر و ز

اور جن کو علم اور ہور نجدے
اور مال پو جن کو ہور بے
میں اُنکو کیا قبول اما
کچھ نہیں تجھ پو معقول

جب لگ جیو تو نہیں کیا جلوہ گری
اس جیو کو جل میں جیوں لگا ہے
تب لگ تو تو ذی کہاں کی
تا دھرت کا ہے آسمان کی

اوکہے آجا مجھے منیں ویں گیا — آستی آگے ہوش مجھکو نیں رہیا
کاں گیا او مال و زر کا او لباس — کچھ نہ تھا کس بات کا مجھکو قیاس
پس کہے لوگاں او کیسے ہیں بھرنگ — قول ہما جو ہمیں ہوئیں سکے دنگ
پس کہا دیکھو مجھے تم ای عزیز — تو بچہ ہی دیکل بھرنگاں کی تمیز
جسو ضع سو میں کھڑا ہوں ننگ دھڑنگ — تس وضع دیکھو تمیں سارے بھرنگ
تو بچہ آجا تو بھی اس مارگ منے — شوق اگر ہی تجھکو جو گ منے
رکھ قدم اس راہ میں مرداں ہمن — دے اتار کر جان و تن او مال و دھن
کھینچ کر جو کو یکر اسرار عشق — ہو کے جا کیجام سو سرشار عشق

حکایت عاشقی کہ معشوق خود را در مرض الموت قصد کشتن نمود

ایک کا معشوق مرتا تھا مگر — کوئی دیا عاشق کو اسکے جا خبر
لیکے دوڑ یا ترت خنجر آبدار — تا ستی دلبر کو اپنے ہاتھ مار
پس کہے لوگاں تو کیا کرتا ہی کام — او سو تک یک پل میں ہوتا ہی تمام
تو عبث جب سر پہ کیوں لیتا ہی خون — کوئی بھی ایسا کام کرتا ہی زبون
مارنا مردے کو کیا حاصل اچھے — جن کرے تو کام سو جاہل اچھے
جانتے نیں ہم کہ تو کرتا ہی کیا — مارنا مردے کو کہہ کیا ہی نفا
پس دیا عاشق نے یوں اسکا جواب — مارنا معشوق کا ہی مجھکو لاب
تا مجھے بھی مار دالیں لوگ یہاں — آتش دوزخ میں جلاویں مجھکو وہاں

ہے نذر کی اَسے اپنے دونی مجھے	جو کہیں معشوق کا حق لی مجھے
عاشقاں تو اسو صح جانباز ہوئیں	جو میں اپنے دو جہاں دا ز ہوئیں

حکایت حضرت ابراهیم خلیل الله علیه السلام وقت نزاع

جیوں خلیل اللہ کی آئی اجل	جیونہ عزرائیل کو دیتے ادل
پس کہے رب سو تمیں یوں جا کہو	جیو نہیں دیتا خلیل اللہ سو
تب کہا حق نے اگر توہی خلیل	کر خلیل اپنے پہ اپنا جیو سبیل
گر تو رکھتا ہے اس کا جیو دریغ	ہے یدے نزدیک میرے تیز تیغ
تا کہا کوئی آنکو ای شیخ جہان	کیوں نہ عزرائیل کو دیتے ہیں جان
عاشقاں ہوتے ہیں جانبازانِ راہ	تم سو کیوں رکھتے ہیں اپنا جیو نگاہ
جواب دیتے کیوں کرو ہیں ترک جان	یا نوں عزرائیل کا ہے درمیان
مجھکو اس آتش منے جب جبرئیل	آ کے پوچھے کیا ہے مطلب ای خلیل
تیں کیا میں آں طرف ہرگز نگاہ	تجھی نظر تیری بقربان آلہ
جب کیا تیں بات میں جبرئیل سوں	جیو میں کب دیتا ہوں عزرائیل کوں
جب تلک جواب نیں ملتا ہے رب	دوسرے کو جیو میں دیتا ہوں کب
او منگے جیو تو کریں عذر کیوں	ایک جیو کیا لاکھ جیو ہوے تو دیوں

بیان وادی سیوم در حقیقت معرفت

معرفت کی آئی وادی بعد ازاں	ہے نا جس کا نہایت سالکاں

بس کہ اس مارگ نیں ہیں بھانتیں بہت — سالکاں پر اترتیں آنتیں بہت

راہ اِنکیس کی نہ اِنکیس لطور ہے — سالک تن سالک جاں اور ہے

پس ہر اِنک سکوں ہر یک راہ میں ضرور — حد مقرر کسکوں نزدیک کسکوں دور

کیوں کہ چل سکتی ہے مکڑی ناتواں — یکقدم چل جائیگا ہاتی جہاں

زور سوں مچھر اُڑیگا کاں تلک — تند تر باز اچلیگا جاں تلک

سیر ہر یس کا اچھے اسکے قدر — اَنکیساں نیں ہے کمالِ اَنکیدھر

مختلف ہے اِنک سے انکیسکی سیر — یک روش پر اُتر سکے ناکوئی طیر

تب تفاوت معرفت میں ہے بہت — کوئی ڈھونڈے مسجد کو پوجے کوئی بت

جب حقیقت کے گگن کا آفتاب — معرفت کا خلق کوں دکھلائے تاب

تب موافق ہوویگا بینا ہر اِنک — راز اپنا پائیگا سینہ ہر اِنک

نا دسیگا اوکسے بے مغز و پوست — کچھ نظر نا آئے اسکوں غیر دوست

ہر طرف اسکوں دسیگا روئے یار — ذرہ ذرہ ہوئے اُسے آئینہ دار

صد ہزار اسرار اُسے زیر نقاب — دسکے آوینگے اسے جوں آفتاب

یوں سنوں جب ہوئے لاکھاں کا شمار — اِنک دو اسرار میں ہو مرد کار

ہوئے جن کوئی مرد کامل پاکباز — او کرے غواصی دریائے راز

اپنیگا اسرار کا جب تجھکوں ذوق — ہر گھڑی تجھ پر کھلینگا تازہ شوق

بیا سر اگر تجھکوں اچھنگی ہر کمال — صد ہزاراں لمحہ تجھے ہوویں حلال

غرق کر دریا عرفاں میں الیس
نیں تو سر پر خاک کھاجا بیٹھ بس

نیں اگر حاصل تجھے شادی کبھی
جا کے اپنے جیو پہ کر ماتم تبھی

نیں اگر تجھکو میسر وصل یار
ہجر کے ماتم سو دل کوں مار مار

نیں نظر آتا جمال یار اگر
چپ نکو رہ جا طلب اسرار کر

نیں طلب تو شرم رکھ دل کے مجھار
خر نمن کب لگ رہنگا بے مہار

حکایت سنگ شدن مردی در ملک چین

چین میں کوئی ہو گیا انساں کبھی
پس وہ روتا ہے الو لک نشاں کبھی

خواب میں دیتا ہے اسکے چک سو دل
بھو بیاں پہ ہو جاتے ہیں اوکن سنگ گل

اوکن سنگر ہاتھ ہا دل کے پر نیں
ختم لگ افسوس کے انجواں ڈھلیں

کیا ہے او انساں پھر کا نیز نیہ
علم ہے جا چین کوں کر لے تمیز

علم ہے جوں ہوا ہے سنگ سخت
سنگ سو بے ہمتاں کے انگ لخت

بس گرہی تا یک تو محنت سرا
علم سو جوہر ہے اُسمیں رہنما

علم کا جوہر اگر تجھ نہ آسے
رہنما اپنا تو اُس ظلمت میں پائے

یہ او گوہر ہے کہ اسکندر جسے
لیو کر ظلمت میں تو لیا ہر کسے

پس لیا کوئی اس گہر کوں کوئی نیں
جب نکل کر آئے ظلمت سو وہیں

او گہر دیں آئے آمر بے بہا
سب رہے کیدھر سو افسوس کھا

جن لیا تھا او گہر حسرت پیا
جو نہیں تھے کیوں نہیں لے آیا

دل سے نا لگے غم کھایا بہت — جن یا میں بھی بہت پایا بہت

جن لیا ہور نیں سو بھی دو نو جنے — ہنو وے اس گوہر کی پچھانے منے

ہے سکندر کے من ای راہ بر — تو سو اس ظلمت منے ای بے خبر

گر جن طبلے میں سینے کے نگاہ — لے گہر یو جو تجھے دکھلاے راہ

دو جہاں کا راہ بر پایا ہے تو — علم کا گوہر اگر پایا ہے تو

ناریگا یو جہاں نا او جہاں — جب تو بھار جائیگا چلکر وہاں

نیں ہے تن سو جاں جہاں سو تن جدا — او جہاں دو نو جہاں سو ہے جدا

وہاں تو انساں خاص کا جاگا اچھے — دو جہاں کے بھار او درگا اچھے

ہر نفس تو پائیگا سو بہانت راز — گر تو اپنے پا جا کے واں ای بے نیاز

ہے روا رو رو کی حسرت کھا توں — بھی اگر اس راہ سے رہ جا توں

تا طلب ہووے تجھے پیدا تمام — نس کو مت سو دن کو نکم کھا طعام

بھول جاوے دکھ رو تی خواب شب — گر طلب بھاں لگ جو گم ہووے طلب

حکایت عاشق کہ بر مزار خفتہ بود

اک عاشق تھا دیوانہ بے خبر — سو رہا تھا نیند میں یک گور پر

از قضا معشوق نکلیا جا کے وہاں — نیند میں عاشق کو دیکھا ناگہاں

بس ہمیں اب لگ اسکے بند کوں — باندھ کر جاتا رہا آ بند سوں

عاشق آشفتہ کردہ چشم دیکھی جو کھول — پائے خط ہوئے اسمیں یو بول

ای دیوانے اسوضع سوتا ہی کیا — اٹھ جو سوداگر ہی تو دوکاں پہ جا
ہور اگر زاہد ہی تو بیدار رہ — بندگی میں سب رین ہشیار رہ
بھی جو عاشق ہی تو آتا ہی عجب — نیند جگ میں عاشقاں کے آئے کب
مرد عاشق تو سدا بیدار اچھے — دن کو حیرت رات کو ہشیار اچھے
تجھکو نا یو ہی اوای مرد خام — لاف مت عشق کا تجھ پر حرام
عشق میں سونا تجھے گر سہل ہی — عاشقی کے کسب میں نا اہل ہی

حکایت چوکیداری عاشق کہ شہار ابرو نامی وہ بود

کوئی چوکیدار عاشق کیس ہوا — خواب ہور آرام سب ویں گم کیا
نیند سو ہو گئے بیگانے اسکے نین — گم ہوا دل سو نکل جا صبر و چین
شور سوں سب جگا و خلق کوں — پھاڑ لتو ے ناحق اپنے حلق کوں
ٹک نقارے پر لگا وجا ہم — ٹک اچاوے شور و غوغا کا الم
پس کہا کوئی شخص اُس بیخواب کوں — آشنا یکدم تمہی ہو خواب سوں
جاگتا ٹک ٹک جگا رات دن — ٹک لگوں یو رنج سوں سیکا کتمن
بعد ازاں عاشق دیا اُسکا جواب — کس صبح تیر بنین میں آئے خواب
اصل میں اول سو چوکیدار ہوں — تس پہ یک دلبر پہ عاشق زار ہوں
جس کو ایسا ڈک پڑے وہیں ہو جگا — کس وضع سکھ سوں کہو اُو سو سکا
مرد چوکیدار کوں تو خواب کا لا — عشق بن عاشق کے مکھ پر آب کا

مرد عاشق جون کہ چوکیدار ہووے | خواب اسکی نین کوں کب پایہ ہووے
جاگتا رہ تو بھی ای [illegible] یو نہیں | خواب عاشق کوں ذرہ لائق نہیں
پاسبانی دل کی کرتا رہ مدام | جو نزدیک دلکے ہے چوراں کا مقام
جب [illegible] تجھکو چو کدن | گوہر دلکوں بہت سا کر جتن
جب نگہبانی کریگا دل کی تو | معرفت اور عشق ہوئیگا آب سو
جسکوں اس مارگ مین درد دل اچھے | جاگنے سو معرفت حاصل اچھے
جسکے انکھاں سو اچھیگا خواب دور | او سو دل بیدار لیجاوے حضور
جوں کہ بیجواں سو دل بیدار ہووے | جاگنے رہنا تجھے درکار ہووے
کیا کہوں لیتا تجھے ای [illegible] خواب | بات میری تجھکو نین ہوتی ہی لاب
عاشقاں کوں نیند اپنی کھوئے ہیں | بس محبت کے متی ہو سوئے ہیں
عشق کی لذت کو ہی جن کامیاب | اسکوں ہی دو نو جہاں فتح باب

بیان وادی چہارم در حقیقت استغنائی

آئی استغنا کی وادی بعد ازاں | تا کیسے دعوای نامعانی وہاں
بے نیازی کا ہی واں [illegible] یون | جوں کہے تو اب اڑیگا نو گگن
واں کسیکے باج کچھ پر کم نہیں | گر اچھا تو اور نچھا تو غم نہیں
اڑ گئے بارے سو گر سب قوم عاد | کسکوں پرواہی وہاں اور کسکوں یاد
نوح کے طوفاں مین گر ڈوبا جہاں | کیا کمی ہوئی کیا بڑا ار کم وہاں

نو سو ہو لگا بے نیازی کا حباب　　کوئی ہوا نو کیا جیا تو کیا حساب

سات دریا یو تو ہیں اتنے گھنیر　　دھاں سو ہے ایک چہ بچے میں جو نیر

یو ستارے سات ہور سورج چندر　　ایک چنگاری ہے چقمق کی مگر

سات جنت کو نہیں دھاں کچھ وقار　　سات دوزخ سرد ہیں مانند گار

ہر نفس سو سو ہتی واں ای عجب　　ایک چیونٹی کی ہے روزی بے سبب

تا بھرے یوتا ایس کا ایک کوا　　جیت کرے سو قافلے تو ہے روا

ہو دیں کم استھار لاکھاں سو اگر　　تا ایک آدا تجھ سو ہووے بہرہ ور

جل گئے غم سو ہزاراں جب ملک　　تا لیا آدم کی صورت نے جھلک

صد ہزاراں تن چھوتے جب روح سو　　بن پڑے تب ایک کشتی نوح سو

صد ہزاراں خاک میں جب سر ہوے　　تا خلیل اللہ صاحب سر ہوے

صد ہزاراں جب طفلاں کٹے سبیں　　تا ہوے موسیٰ کلیم اللہ انیس

صد ہزاراں جب ہوے زنار بند　　تا ہوے سو مقصد عیسیٰ ارجمند

صد ہزاراں جان و دل تاراج آئے　　تا محمدؐ ایک شب معراج پائے

تا ہوے کو قدر ناجیتے کو یہاں　　کچھ تجھی کریا نکر کچھ ای فلاں

گر ہزاراں دل تو دیکھا ہے کباب　　سچ سمجھ لے جیوں کہ دیکھا ایک خواب

گر ہزاراں جیو سو خالی ہووے تن　　او سو اس دریا میں ہے شبنم من

بے نیازی کا جہاں نہیں حساب　　گرچہ ہووے دیکھاں سارا خراب

جھڈ پریس را انجم افلاک سات — جھاڑ سو سمجھو برایک جھڑ کے پات

گر عدم ہو جاوے دنیا چار دانگ — تو سمجھ چمٹی کی تو ٹی ایک ٹانگ

گر دو عالم ہو کے جاوے سب عدم — سنگریزہ جان ریگستان سو کم

نا رہے گر جن و انسان کا اثر — جان یک مہو نکا نہیں ہی بند گر

خاک میں مل جاوے گر یو سب جہان — پشم سو حیوان کے کمو کم پچھان

جزو کل گر ہو کے جاوے سب عدم — تو سمج لے گھانس کا یک پات کم

ہو کے جاوے کم اگر یو چرخ تند — سات دریا سے گیا گویا کہ بند

اشارت حضرت یوسف ہمدانی رحمہ اللہ

یوسف ہمداں کہ مرد راہ تھے — سینہ صاف و پاک دل آگاہ تھے

او کہے ہیں گر تو جاوے عرش لگ — پس اترآوے زمیں کے فرش لگ

تھا جو کچھ اور ہووئیگا خالی ہی جو — ذرہ ذرہ دیکھ لے ہر ایک شی

کیا ہی یو کل اہادریا کا بند ایک — خواہ آوے بد نظر میں خواہ نیک

سخت تر وادی ہی جو کچھ ہی سہل نئیں — سہل اگر سمجھا ہی تو پس اہل نئیں

گر ابل کر ہووے دریا خون دل — نئیں گھٹی ہی بات تیری یکمزل

گر چلے تو راہ میں ساری عمر — جان لے اول قدم ای بے خبر

ناکسے اس راہ کا پایاں دسے — ناکسے اس درد کا درماں دسے

سب عمر گر دو ڑتا تو جائیگا — ناامید بانگ جرس تا پائیگا

تو اسکو ہے سب کے بیچ کن
آنا تو نہ اس سیکوں کوں جون
رہے تے سو جگت سے کی ہزاراں
کتا ہے اوکر ہاریاراں

گر تو ماندہ ہو پڑنگا بات میں | ہوئیگا جیوں یک بھیر اس گھائیں
نا کھڑے رہتے نہ چلتے بنگ آئے | نا تو کچھ مرنے سونا جینے سو پائے
سخت مشکل آ پڑا ہے کام یہاں | سخت تر سب سوں ہے یہہ ... فلاں
پس نکو سختی سوں ... سیں جہات | رات دن مارگ میں اپنا سیں چھاڑ
کام سارے چھوڑ کر تو کام کر | کام میں تھوڑے بہت سوں ...
کام کرتا اچھ تو کچھ ہوا آئے سو | دیکھ لے سینوت کو کیا ہو رہا سو
ہر وضع رہ کام میں ای یار تو | خوب تر یا کار ہے بے کار ...
کام سوں ست بے خبر ہو رہ ندان | جن لگوں حاصل تجھے ہوئے پیچھان
جب تلک تو کام کوں جانا نہیں | کیا تجھے حاصل جو پیچھانا نہیں
بے نیازی دیکھتا رہ یہاں جنم | خواہ خوش ہو خواہ رکھے دل میں غم
برق استغنا پڑے جب کڑک | جل اٹھے سو سو جہاں ...
تو نکو اس برق کا کچھ دل میں دھاک | یک جہاں جل کر گیا تو کیا ہے باک

تمثیل

جب نجومی یا ترا کرنے سنگے | خاک تختے پر بچھارا کھے اگے
پس کرے وہاں نقش دھرتی ای فلک | چاند ہور سورج ستارے یک بیک
بعد ازاں اپسیر لکھے بارا برج | کیں ستاریاں کا نزول وکیں عروج
کیں نحوست کیں سعادت لک دکھائے | موت کا گھر کیں جنم کا گھر بنائے

اس سب نے سوں کچھ عجب ہے
اس سب نے سوں نیستم ہے
اس سب ... مقبول
... دل خلاص
... دل کوں ہے روح روح کوں نور
... ہے سالکاں کوں منظور

کچھ رہے نا کچھ حساب حس و عقد — پس کمر بچنے کو چھٹکے اسکے بعد
ہووے پل میں نیست او نقش و نشان — اس جہاں کا نقش بھی و چہ جان
نیر ہی استغنا کی گر نیڑے نیں نہ باد — جا کنارے بیٹھ کیا ہی تجھکو لاب

حکایت مردی کہ ہاتف آواز داد ہر چہ میخواہی بخواہ

کسنے یو بار از دل کوئی اہل راز — ہو گیا جب پردۂ اسرار باز
ہاتف غیبی کہا تب اسکے سنگ — انعام کیا مانگتا ہی تو سو منگ
پس کہا او کیا منگوں خوا نبیا — سب جنم سو سے ہیں نت رنج و بلا
ہی جو کچھ رنج و بلا جگ میں جتا — انبیا پر سب سے اگلا تھا و تا
جب نبیاں پر یو بلا ہووے نصیب — پاؤں گا راحت کہاں سو میں غریب
پس نہیں عزت نہ میں خواری منگوں — خوب ہی جو درد دلکو رنگوں
جیوں کہ خاصاں پر پڑیا ہی درد و رنج — کہاں ملے ہم عام لوگاں کو یو گنج
او جو تھے خاصے جنکا حال یوں — میں بچارا تاب لا سکتا ہوں کیوں
یوں کہا گر میں تجھے تو کیا نفا — میں گھرا جب لگ تیرے سر پر جفا
اگرچہ ہیگا تو بھی در بحر خطر — ہی و لیکے نہیں پانی اوپر
کیا نہنگ قعر کا تجھکو سمجھ — پائیگا کیوں راہ تو بہاں لگ بجھ
پس اول دل میں ایسے کر بچار — جا پڑیا تو کیسے نکل سکتا ہی بھار

حکایت مگسی کہ از برای عسل میرود

جیوں روز گو رنج ہی اس سوں
یوں ہی یو مجاز معنوی سوں
نوری نوری کیا ہے نوری
جیوں نوری چراغی نوری

ایک مکھی بھری تھی چار کے بدل | کیں سو دیکھی شہد کے خم کو بچل
شوق نے مد کے کیا وتیں دل میں جوش | شاد شاداں ہو لگی کرنے خروش
جن مجھے لیجاوے اس خم کے بھتر | میں اسے دیتی ہوں یک جو نقد زر
آرزو کے جھاڑ کو گراے بار | شہد کے خم میں مجھے بہتر ہی ٹھار
از قضا پیدا ہوا کوئی ناگہاں | لیکے جو زر اسکو پہنچیا وہاں
جو مکھی خوش ہو گئی خم کے مجھار | بند ہو گئے شہد میں پر استوار
سست ہو گئی پر کے پھڑنے پھڑنے منے | جو لگیا جاکو تڑ تڑ نے منے
بس لگی کہنے کو یہہ کیا قہر ہی | شہد میٹھا مجھ یہ خالص زہر ہی
گرچہ یک جو دیکے میں آئی ہوں یہاں | اب دو جو دیوں جن لیجاوے وہاں
کوئی اس وادی منے آسودہ نیں | کون ہی جو دکھ منے آلودہ نیں
تو سو غفلت میں پڑا ہی اے عزیز | یاں سو اس وادی کی ہی تجھکو تمیز
عمر بے حاصل کیا ہی صرف سب | کیا بیچارہ کر رہیگا تو سو اب
اٹھہ کھترا رہ کاٹ اس وادی کی باٹ | جیو کی پروا چھوڑ دے اور دل کی آنٹ
جو لکوں دل جیو کے ہی جھانسے منے | اٹک رہا ہی شرک کے پھاند منے

حکایت عاشق شدن خرقہ پوشی بر دختر سلطان

تھا کوئی شیخ مرد خرقہ پوش | دختر سلطاں پہ کھویا عقل و ہوش
ہو گیا یوں عشق میں اسکے زبوں | خو چلا دل سوا ول کر موج خوں

دیکھنے کوں دھن کے دل میں دھر اشتاک
سنورے شہ کوں گو باں جائے سنگ

ماں کوں اس دختر کے جب تو ہوی خبر
پس کہی ای شیخ آ ایک کام کر

جا کتے تیرے جتن کر انگسال
مذہب گبراں بنگیا ہی سنبھال

اگر تو عاشق ہی تو کر تو کام نقد
تا تجھے میں دیوں یتی کر کے عقد

شیخ تجھے جوں عشق میں ثابت قدم
پس کہے اسباب کا نیں مجھ کوں غم

دیں چلیا قدری کتباں کی لکھے ہات
خوش نکیا کرنے کوں خدمت دیس رات

مل بیا بازار میں کوئی دوستدار
پس کہا تو کیا کیا تو اختیار

زہد مرداں کے ثمن کر تیس سال
کیوں ہوا سگبان کبرای بدفعال

پس کہا عاشق نکر قصہ دراز
گر سمجھتا نیں تو اس پردے میں راز

حکمت تقدیر سو چارہ نہیں
جو ازل میں ہی ہو ہوتا ہی تقدیر

کس کوں نیں معلوم تو علم قدیم
عاقبت کیا ہووےگا تو ای ندیم

گر خدا چاہے تو تیرے ہات سوں
تو گتے ملوے تجھے اس بات سوں

کیا کہوں دل کا تجھے میں درد واہ
خوں ہوا لیکن ہوا نیں مرد راہ

عشق کیا ہو اگرچہ تو باتاں گھنی
کیا نفع خو نیں طلب کا تو دھنی

رازداں اسرار کا جن ہوئے سو
بات کوں تیرے سمجھ میں لا تو

گر کوں میں راہ کا دکھ آہ آہ
سو رہنگے جتنیں گم کر کے راہ

نکتہ

پیر کوں تولیا ابلیس نے کوئی مرید	کچھ مجھے تو تو کہا جا ای پلید
سہہ کوں اپنے خوب دھوکرا اول	تب کہوں گا تجھ سوں یک نکتہ نجل
مشک کی بو پائیگا کب گندہ مغز	مست ہوں کب سنیگا نکتہ نغز

بیان وادی ہفتم در حقیقت توحید

آے وادی بعد ازاں توحید کی	منزل تجرید اور تفرید کی
ملکے سب گر اس جنگل میں آئیگے	جمع ہو آخر کوں یک ہو جائیگے
لیں اچھو ہشیار یا تھوڑے اچھو	یک نکیسیں میں یہاں جوں ایک ہو
جیوں اگھڑو یک ہوئیں ہو ویں سب گھنے	زرق کرنے کستی کسکو نا بنے
میں ہی یک ایسا جو اوگیے میں آئے	بلکہ ایسا ہی جو دو جا کوئی نیائے
ایک ہی آتا نہ از روے عدد	نا ازل معلوم اسکا نا ابد
جب ازل کوں ہور ابد کوں کوئی نیائے	ہیچ بن دونوں سے بھی کچھ نیائے

حکایت سوال از ہر دو دیوانہ

کس دیوانے سو کہا یوں کوئی عزیز	تول مجھکوں تو جہاں کیا ہی سو چیز
پس کہا او تو جہاں بے نام و ننگ	یک درخت موم ہی سو ہزار رنگ
جب رگڑ ڈالے اسے تو لے کے ہات	ہو نگا سب موم ملکے ایک ذات
جو نکہ او سب موم ہے بھی کچھ نہیں	جان لے کس رنگ کوں دہارچ نہیں
ہو گئی جب ایک تب دوئی نا رہے	بہاں نہ کوئی میں کرکے نا تو کہے

حکایت حضرت بوعلی طوسی رحمۃ اللہ

ایک بندی کوئی بوعلی کے پڑ گلے — رقعۂ زر کر نذر بولی کہ لے

شیخ بولے جو مجھے ہے عہد یوں — جو خدا کے باج کسی تھے کچھ نہ لیوں

بعد ازاں بولی بندی ای بوعلی — تن گئی تجھ سوا جوں الک احولی

مرد ناہے گر بجانے کسکو غیر — ہے اگر کعبہ و گر ہے نقش دیر

او سُنے ہور دستی تے بولیا اگر کہے — ذات سو اسکے ہمیشہ مل رہے

او کبھی دیکھے نہ غیر از حق کسے — وہ بجانے غیر حق مطلق کسے

او سو اسکے سات استی آسمین جسم — ہور خدا تینوں صفت سو ہے جسم

بحر میں وحدت کے جن کو ہے گم ہمیشہ — مشکل مردم ہے دلے مردم نہیں

عاقبت یکروز او خورشید غیب — تجھ دکھاویگا الیس کا کھول جیب

جن ملا خورشید سو آپ کے سو — نیک اور بد ہوا ہے فارغ ہے او

جو لگوں تو ہے تلک نیک و بد — گم ہوا تو نیک و بد پایا ہے کد

لے رہا ہے تو جلک اپنا وجود — نیک و بد ہوتا ہے سب تجھکو نمود

کاش ہوتا تو عدم اول منن — تا نہوتا تجھکو کچھ بویا و سن

آنا بھی ہو صفات بد سو پاک — بعد ازاں بھیر ہوئیگا تو پاک خاک

کیا سمجھ تجھکو جو تن میں ای فلاں — کیا نجاست کیا بلا یا ہیں نہاں

ساتھ تجھکو کل ہیں اس تن کے بھیتر — سوئے ہیں خاموش ہو کر بیخبر

گر جکا دیو تو انکو تنگ ہا — تجھ پہ دوزے ہونے ہر یک اژدہا
سانپ بچھو تن ہے ہر یک کے ہیں — خوب دیکھینگا تو تجھ دوزخ میں ہیں
سانپ بچھو تجے سب کر دور تو — بعد ازاں جا گور میں بھر نیند سو
ہیں تو تو بچھو تجھے اور سانپ جم — کاٹتے رہینگے قیامت لگ جسم
وحدیا بیہودہ کیا کہتا ہی تو ل — شیخ کی توحید کا اسرار کھول
مرد سالک آے اس وادی میں جب — مارے آپس میں آپے او سو تب
ہووے تو گم جکیجے پیدا ہوے او — ہوئے تو گنگا جو گویا ہوے او
جز سو کل ہو کر جز نا کل رہے — جان و تن جا کر صفت ظہور رہے
دیکھ اس نکتے کو تو سِرّ عجب — صد ہزاراں عقل بھاں ہی خشک لب
بہاں نکامی عقل کو کچھ نیں دہدا — جوں کہ ما کے پیٹ کا پورا اندھا
جسکو تو سر تیک جھلک آپے دکھا — او دو عالم ستی ایس کا کچھ بھرا ہے
سب خودی اپنی گنوا خود بدہے — سُد سو اپنے جا گو بے سد ہو ز
نیست ہو کر ہست کی لیتا ہی شان — نیں سو تو ہی ہی او مطلق بچھان

حکایت حضرت لقمان سرخسی رحمہ اللہ تعالی

سرخسی لقمان کہے ہیں ای الہ — میں بندا بوڑھا ہوا اور سر تا راہ
پس رکھے بوڑھے بندے کوں شاد کام — کر کے آزاد اسکو نا فرمائے کام
میں بھی بندگی میں گیا ہوں سر سفید — تجھ کو بھی آزادگی کی ہی امید

پس کہا ہاتف کہ شیخ اے با اخلاص | بندگی سو چھٹن نکلے ہو خلاص
عقل اسکی ہوئے گم تکلیف جائے | چھوڑ کر دو تو کو اس کرمیں آئے
شیخ نے تو کہ میں سگتا ہوں تجھ | عقل اور تکلیف نئیں درکار مجھ
پس اکایک ہو گئے دیوانہ شیخ | عقل اور تکلیف سو بیگانہ شیخ
پس کہے کوئی تو کہ کھولو تمیں | بندہ نئیں تو کہاں ہوں نئیں بولو تمیں
بجاں بندگی اور آزادی رہے | دل میں کچھ غم نہ کچھ شادی رہے
بے صفت ہوا اور نئیں ہیں باصفت | مرد عارف ہوں ولے نئیں معرفت
نیں سمجھتا میں کہ میں یا تو کہے | ہو گیا جب محو میں تو نا رہے

حکایت غرق شدن معشوق و عاشق در آب

لیں ہوا معشوق کسکا غرق آب | عاشق اسکا بھی پڑیا جا کر شتاب
تو دونے دو نو لگے پانی میں جوں | تب کہا معشوق نے عاشق سے یوں
میں تو بچاں آکر پڑیا تھا نا کہاں | آپ سو آکر پڑیا تو کیوں یہاں
پس کہا میں بھی پڑیا ہوں آن کر | آپ سو تجھکو جدا نا جان کر
گئے مدت سو میں تو منیں تیرے سنگات | ہور رہا ہوں ایک تیں میں تو کہ بات
گم ہو تو دونوں اسمیں کہ ہے توحید سات | تر کہا میں با یوں تفرید سات

حکایت سلطان محمود و سوال و جواب ایاز با حسن میمند

غزنوی محمود سلطان ایک روز | دیکھنے لشکر کو نکلا دل افروز

جمع لشکر حشم سب ایکبار … ایک بلندی پر ہوا آپی سوار

خاص کی خدمت میں سب اہل راز … ایک حسن تھا پر وہاں دوجا ایاز

شاہ اپنا دیکھ کر لشکر حشم … دل پہ دل گھوڑے ہتی سب ایکدم

شادماں خاطر ہو بولیا ای ایاز … تو سو ہی محبوب میرا دلنواز

ہی جتا یو ملک ہور لشکر سپاہ … سب یو تیرا تو ہی تیرا بادشاہ

گرچہ بولیا شاہ نے عالی گہر … چپ رہا سنکر ایاز نامور

پس حسن بولیا نہ رہ سک بالضرور … ای ایاز بے ادب اتنا غرور

شاہ نے تجھکو نوازیا تھا جو یوں … تو ادب اسکا بجا لایا نہ کیوں

پس ایاز اسکا دیا حالی شتاب … حسن سنا ات کے ہیں دو جواب

ایک تو یو ہی کہ جھیں میں چوم کر … عجز کیتا یا لٹریا میں خاک پر

پس مقابل شاہ کے انعام پر … میں ہوا گویا برابر سربسر

کون ہوں میں تا برابر ہو سکوں … ہور نائی کا سخن یوں کہہ سکوں

میں غلام اسکا ہوا اور یو فضل ہی … حکم اسکا ہی تو میں کچھ نہیں ہوں شی

یو سخن سنکر حسن بولیا سراس … آفریں ہی ای ایاز حق شناس

کیوں نہو تجھکو روا انعام شاہ … کیوں نہو وے دمبدم پیغام شاہ

یو سخن جو تو کہیا سو تھا صواب … بول اللہ او کیا ہی ہو دوسرا جواب

بعد ازاں بولیا ایاز ہوشیار … راز پنہاں کیوں کروں میں آشکار

شاہ سوں خلوت اگر ہو تجھے ... بات کا ذوق اگر ہوتا تجھے

تو سوا اِس راز کا محرم نہیں ... ایک کہوں میں تجھ سوں جو ہم محرم

پس حسن کوں شاہ وفادار [illegible] ... جا خضر کی لے فوج کی جا [illegible]

جیوں ہوی خلوت کہا ای ایاز ... اس جواب خاص کا کر کشف راز

بعد ازاں تو لیا ایاز یا سور ... شاہ جب کرتا ہے میرے پر نظر

روشنی سوں اس نظر کے بے سخن ... محو ہو جاتا ہے میرا تن بدن

شاہ کے پرتو سوں تو میرا وجود ... گم ہو جاتا ہے کروں میں کیوں سجود

ہو گیا توں یک نوازش یا ہزار ... او نوازش تجہ تو آپس کہے [illegible]

میں کہاں ہوں تا کہ بندگی کر دکھاوں ... تو ہی جیوں خورشید روشن میں چھپاوں

چھاوں جب خورشید میں گم ہو جاے ... چھاوں کا نام و نشاں ہرگز نہ پاے

جیوں بندہ ہووے فنا تب حق رہے ... باطل اٹھ جاوے تو حق مطلق رہے

بیان وادی ششم در حقیقت حیرت

بعد ازاں حیرت کی وادی پیش آے ... مرد یہاں حیرت سوں اپنی سُدھ گنواے

ہر نفس اسکوں اچھے تلوار [illegible] ... پھوڑ چھاتی روئے تلتل زار زار

آہ و درد و سوز سوں تت تلملے ... رنج و غم سوں دن تلے تا نیس تلے

ہووے ہر یک مو اسکوں نشتر ... خون دل آوے اُبل کر [illegible]

مرد حیراں وہاں لگوں کب راہ پاے ... معرفت کی راہ حیرت سوں گنواے

خواہے توحید دلبر اے ہنوز ❊ پل میں کم ہو کم کی کم ہو جائے سوز
گر آئے پوچھیں کہ تو بھی ہے کہیں ❊ او کہے کچھ نہیں سمجھا ہوں ہنوز میں
مرد عاشق ہوں اسے کسکو کہوں ❊ نہ مسلماں ہوں نہ کافر ہوا ہوں
عشق سو میرے نہیں مجھکو خبر ❊ ہے ولیکن عشق کا دل میں اثر

حکایت عاشق شدن دختر بادشاہ بر غلام خود

تھا کہیں کوئی بادشاہ نامدار ❊ اسکو یک بیٹی اچھی جوں گلعذار
طرۂ شب رنگ اسکا دام دل ❊ رخ نورانی آفتاب بام دل
حسن میں از بسکہ تھی رشک پری ❊ سب پریاں پر ڈھونڈتی تھی سروری
نوش لب نوشیں دہن امرت بچن ❊ بے تکلف خضر کا چشمہ ذقن
غمزہ جادو گر تبسم دل فریب ❊ خوش نگاہ دشمن صبر و شکیب
ہوشیاراں دیکھ اسکے نین مست ❊ ہو ویں پل میں بیخود و بے پا و دست
گر دکھاوے یکدم اسکے زلف کوں ❊ رشک سو دل میں جمے نافے کے خوں
دلبر شیریں ادا شیریں خصال ❊ جلوہ گر سرتا قدم اسکا جمال
از قضا کوئی شاہ کا بھی یک غلام ❊ حسن میں تھا غیرت ماہ تمام
یوسف ثانی کہا جائے جسے ❊ جگ میں جوڑا کوئی اسکا نا دسے
جس گلی بازار میں چل جائے او ❊ ناردو نر خیرت سو جاویں دنگ ہو
ناگہاں دیکھی اسے کئیں او چنچل ❊ عقل و ہوش اپنی گنوا ڈالی سگل

کھا بچھاری کر پڑی یکبارگی ‌ ‌ ‌ تن منے جیونے لیا آوا

عشق کے آنے سے گئی عقل نھانت ‌ ‌ ‌ سُدبُد نکل جا ہوی صبوری ماراماث

جب نپٹ ہوی دلنے دھن بیقرار ‌ ‌ ‌ تب سہیلاں سٔ لگی کرنے

از قضا تھیاں اسکو انگسال اوس ‌ ‌ ‌ سحر دفن میں یک ستی تھی

خوش گلو گانے میں ہر یک واں پری ‌ ‌ ‌ ناچنے میں طاق ہر یک چھند ہری

کیاں میں ہور گنیاں ہر یک سحر کار ‌ ‌ ‌ چاند کو دکھلائیں لا بھویں پر تار

بعد ازاں اوشاہزادی اُن سنگات ‌ ‌ ‌ راز دل ظاہر کری اور جیو کی بات

خوبیرے پر عشق نے لایا ہی زور ‌ ‌ ‌ ہوی ہوں میں یک چاند سے مکھ پر چکور

عشق نے اسکے کیا ہی مجھکو زیر ‌ ‌ ‌ رنج و حسرت نے لیا ہی دل کو گھیر

او سو میرے باپ کا ہی یک غلام ‌ ‌ ‌ کیوں کروں میں پختہ ہو سودا خام

گر اُسے میں بلاؤں اپنے سنگ ‌ ‌ ‌ تا رہے ہرگز میرا یو نام و ننگ

صبر کرنے کی بھی نیں ہمت مجھے ‌ ‌ ‌ درد اگر سوں تو کاں طاقت مجھے

ناکسے میں راز دل کا کہہ سکوں ‌ ‌ ‌ نا بغیر اُس یار کے میں رہ سکوں

کون ہی خوا اسکو مجھسے لا ملائے ‌ ‌ ‌ اور اسے میری حقیقت کو سنائے

پس لگیاں کہنے کو او سب حور زاد ‌ ‌ ‌ جمع رکھ خاطر کو

ہم اسے اس کو لاویں اسو عنا ‌ ‌ ‌ جو سمجھے راز اسکا کم

بعد ازاں اُٹھ وہاں سوں یکبارہ ‌ ‌ ‌ اس غلام کے آنے گھر

حق کر طلب — بزم کوں خلوت کے کرنی پر طرب

ریدا ان ... جسے ... بشتی — اسکو کیہ ... ...

ہو گیا تھا بن مست و بیخود او غلام — یو سمندر ہو ٹیل میں اپنے کام

پس او باقی کے بھی ناریاں آئے سب — لے چلیاں اسکو پلنگ پر ڈال تب

لا رکھیاں اس نازپرور نے پلنگ — او سو دلمیں شاد شادان ہو او یک

لیکو بیٹھی اسکو اپنے تخت پہ — ہو نثار اس پو کیتے دردو گہر

ہیوں گئی پیچھے طلب او حال پر — او غلام مست نے کھولیا نین

دیکھتا کیا ہے تو زر کا ہے محل — تخت پو زر کے سمند بیٹھی چنچل

ہر طرف جلتے ہیں شمع عنبریں — کامنیاں کاتیاں ہیں یہاں سب نازنیں

فرش عالی ہے مصفا جا بجا — قصر ایوان جیوں بہشت دلکشا

نازنیاں ہیں مثل حوراں پر طرب — لے کھڑیاں ہیں جام و شیشے بادب

ہور اپے او شاہزادی کا نگار — مست ہو کر دیکھتی تھا رخ یار

عشق کے مے سوں نین سرشار ہیں — نرگس شاداب گوہر بار ہیں

ہو گیا ہے عقل گم بیہوش جاں — نیں سمجھتا تو جہاں نا او جہاں

دل میں حسرت شوق کا سینے میں جوش — جیب ہو خاموش لب سو بادہ نوش

لگ رہے ہیں چک رخ با ناز پر — کان موسیقار کے آواز پر

تو ہے سو عنبر کے تر ہے مغز سر — لذتی سو جگر ہے با خبر

جیوں کہ دیکھا کھول کر چک او غلام ۔ اس پری پیکر نے دی بھر کے جام

دیکھتے دھن کو جواں حیراں ہوا ۔ فکر و اندیشے میں سرگرداں ہوا

خواب و بیداری کیا نیں فہم کچھ ۔ بیخودی یا باخودی کا وہم کچھ

